ساغر اقبالی

زبان میری ہے بات اُن کی

O قرآن مجید کا مطالعہ کیا تو تصویر کشی چھوڑ دی ہے۔ (عبدالواحد نادر القلم)

فن جس کا رہا فحش تصاویر پہ مائل
مانی بھی وہ کیا ہے وہ بہزاد ہے تو کیا ہے

O ۲۰۰ افراد سونے کی کان میں زندہ درگور ہوگئے۔ (ایک خبر)

سونے کی قبر بنی مگر کس طریقے سے!

O نواز شریف میں قائدانہ صلاحیتیں نہیں۔ ہر کام بے وقت کرتے ہیں۔ (نصرت بھٹو)

کُولی کانی کی، اندھے لنگڑے پر تنقید!

O مولانا شیرانی اور مولانا اورنگ زیب پنجاب کا دورہ کریں گے۔ (ایک خبر)

آجکل دارالفتاویٰ میں جمہوریت ناچ، ہی ہے۔

O جس دن بھی پنجاب میں پنجابیت کا نعرہ لگا۔ اُس دن پاکستان کو نقصان ہوگا۔ (حامد رضا گیلانی)

اور سرائیکی صوبے کے بارے میں کیا خیال ہے؟

O عدالتوں کو اپنی پسند پر اسمبلی بحال کرنے یا نہ کرنے کا اختیار نہیں ہونا چاہیے۔ (بے نظیر)

کیا یہ توہینِ عدالت نہیں ہے؟

O صدر نے استعفےٰ لے کر غیر اخلاقی کام کیا۔ اخلاقی طور پر کسی کو یہ اجازت نہیں ہے کہ دوسرے کا خط کھولے۔ (جسٹس شفیع الرحمٰن)

کوئی بات نہیں۔ بچپن اور پچپن برابر ہوتے ہیں۔

O سابقہ حکومت نے غنڈہ گردی اور بدمعاشی کو فروغ دیا۔ (وٹو)

اور موجودہ حکمران تو شاہ ولی اللہ کے نقشِ قدم پر چل رہے ہیں۔

O کوثر نیازی ایک خاص مفہوم میں صوفی بھی ہیں۔ (ارشاد احمد حقانی)

کاش آج شورش زندہ ہوتے تو ہمیں کوثر کے "تصوف" سے آگاہ کرتے!

O مجیب نے اعتراف کیا تھا کہ وہ پاکستان توڑنا اور بھٹو قائم رکھنا چاہتے ہیں۔ (بے نظیر)

عوام کا حافظہ اتنا بھی کمزور نہیں ہے بی بی!

O نگران حکومت میں شمولیت۔ اخلاقی جرأت کا مظاہرہ ہے۔

پاپوش میں لگائی کرن آفتاب کی

O اقتدار میں آنے کے بعد سب سے پہلے غریبوں کے مسائل حل کریں گے۔ (بے نظیر)

زرداروں کے مسائل سے فرصت ملی تو ---!

O صدر ملک کو انتخابات کے عذاب میں مبتلا کرنے کی بجائے وزیر اعظم کو اعتماد کا ووٹ لینے کے لیے کہہ سکتے تھے۔ (چیف جسٹس)

O عوام تیسری پارٹی ہیں۔ ہمیں دیکھنا ہے کہ انہیں بار بار انتخاب کی مصیبت میں مبتلا کرنا آئین ہے۔ (جسٹس افضل ۔۔۔)

O حکمران اور سیاست دان عوام کو اسی الیکشن، جمہوریت اور عذاب میں مبتلا رکھنا چاہتے ہیں۔

O ہماری بد نصیبی ہے کہ آج ہمیں بھٹو جیسا وزیر اعظم دستیاب نہیں۔ (کوثر نیازی)

بباطن دختر انگور کے عشاق کی صف میں
بظاہر کوثر و تسنیم کہلاتے ہیں مولانا!

O جاگیر دار نے بدلہ لینے کے لیے کاشتکار کے بیٹے پر خونخوار کتا چھوڑ دیا۔ (ایک خبر)

O کتے کو سیر نہ کرانے پر زمیندار نے ملازم کو تشدد کا نشانہ بنایا۔ (ایک خبر)

ان ظالم جاگیرداروں سفاک زمینداروں اور اُن کے کتوں سے ماؤں کے بیٹے زیادہ قیمتی ہیں۔

O ۱۴ جولائی کو عوام فیصلہ کریں گے کہ وہ لبرل اسلام چاہتے ہیں یا مودودی کا رجعت پسند اسلام۔ (بے نظیر)

- لبرل اسلام = وَن رکسی وَن ووٹ۔ کم یا با کم
- رجعت پسند اسلام = اللہ اور رسول ﷺ کے احکامات کی پابندی

بوجھو تو جانیں!

ایک پہیلی ۔۔۔

گر بہ میر وسگ **وزیر** وموش را دیوان کنند
ایں چنیں ارکان دولت ملک را ویراں کنند

O

یہ چار دن کی خدائی تو کوئی بات نہیں
زوال تیرے تعاقب میں ہے زوال سے ڈر

O

سیاسی شعبدہ بازوں کا جمہوری تماشا ۔۔۔؟؟؟

خاموش مبلغ

(تحلہ سادات، ملتان)